PDF Compressor Free Version

## اسلامیات

چوتھی جماعت کے لیے

# تربیتی نِصَاب

(برائے اسکول)



بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے ایک مختصر اور آسان نصاب

ایمانیات

عبادات

احادیث و مسنون دعائیں

سیرت و اخلاق وآداب

جمع وترتیب

احبابِ مکتب تعلیم القرآن الکریم

PDF Compressor Free Version

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | اجمالی خاکہ | 2 |
| ۲ | ٹرم وائز بریک اپ | 5 |
| ۳ | حمد باری تعالیٰ | 6 |
| ۴ | نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم | 7 |
| | باب اول: ایمانیات | |
| ۱ | توحید | 8 |
| ۲ | اسمائے حسنیٰ | 12 |
| ۳ | انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کے متعلق ضروری عقائد | 19 |
| ۴ | انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی خصوصیات | 20 |
| ۵ | قبر کے حالات | 25 |
| ۶ | قیامت کی چند نشانیاں اور حالات | 30 |
| ۷ | مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا | 35 |
| | باب دوم: عبادات | |
| ۱ | اللہ تعالیٰ کے حقوق | 39 |
| ۲ | غسل کیسے کریں | 44 |
| ۳ | نماز سے متعلق اہم معلومات | 49 |
| ۴ | حفظ سورۃ | 55 |
| ۵ | نماز کے اوقات | 60 |
| ۶ | جماعت کی نماز | 65 |
| ۷ | بندوں کے حقوق | 70 |
| | باب سوم (الف): احادیث | |
| ۱ | سب سے اچھا انسان | 76 |
| ۲ | نیت کی اہمیت | 77 |
| ۳ | پینے کے برتن میں پھونک مارنے کی ممانعت | 79 |
| ۴ | والد کا مقام | 79 |
| ۵ | معاف کرنا | 81 |
| ۶ | باجماعت نماز کی فضیلت | 81 |
| ۷ | جنت کا آسان راستہ | 84 |
| ۸ | اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کا آسان طریقہ | 85 |
| | باب سوم (ب): مسنون اذکار اور دعائیں | |
| ۱ | نیا کپڑا پہننے کی دعا | 87 |
| ۲ | مسلمان کو نیا کپڑا پہنے دیکھیں تو اسے یہ دعا دیں | 87 |

PDF Compressor Free Version


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳ | جہنم سے بچنے کی دعا | 89 |
| ۴ | وضو کے درمیان کی دعا | 89 |
| ۵ | جب صبح ہو تو یہ دعا پڑھیں | 91 |
| ۶ | جب شام ہو تو یہ دعا پڑھیں | 91 |
| ۷ | والدین کے لیے یہ دعا مانگا کریں | 93 |
| ۸ | فرض نماز کے بعد مانگے جانے والی ایک دعا | 93 |
| | باب چہارم (الف): سیرت | |
| ۱ | مدینہ منوّرہ | 95 |
| ۲ | غزوۂ بدر | 96 |
| ۳ | غزوۂ اُحد | 101 |
| ۴ | غزوۂ خندق | 106 |
| ۵ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 111 |
| ۶ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام | 111 |
| ۷ | اسلام کے لیے ہجرت اور قربانیاں | 112 |
| ۸ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت | 112 |
| ۹ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات | 113 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | باب چہارم (ب): اخلاق و آداب | |
| ۱ | چند اچھی صفات | 116 |
| ۲ | سادگی | 117 |
| ۳ | قناعت | 118 |
| ۴ | مخلوق کے کام آنا | 122 |
| ۵ | مجلس کے آداب | 128 |
| ۶ | زبان کی حفاظت | 135 |
| | امتحانی سوالات برائے فرسٹ ٹرم | 142 |
| | امتحانی سوالات برائے سیکنڈ ٹرم | 149 |
| | عمل چارٹ پُر کرنے کا طریقہ | 157 |
| | عمل چارٹ | 158 |
| ۱ | حوالہ جات | 160 |
| ۲ | نماز کی ڈائری | 163 |
| ۳ | رمضان چارٹ | 168 |

PDF Compressor Free Version

# حمدِ باری تعالیٰ

حمد: نظم کے انداز میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے کو "حمد" کہتے ہیں۔

رحمٰن ہے تو خالقِ لیل ونہار ہے
افکار کے ہجوم میں دل کا قرار ہے

دستار برف کوہ پہ بدلی کی گود میں
کتنا حسین نکھرا ہوا کوہسار ہے

کر لو تم اس کے آگے جبینِ نیاز خم
غیروں کے در پہ سر کا جھکانا بھی عار ہے

باہر ہیں تیری نعمتیں حدّ و شمار سے
مخلوق لحہ لحہ، تیری زیرِ بار ہے

مچھلی کا پیٹ خانۂ یونس بنا رہا
آیاتِ حق میں معجزہ ان کا شمار ہے

اللہ نے اڑایا سلیماں کے تخت کو
کشتی چلائی نوح کی وہ کردگار ہے

ہر لحظہ نعمتوں میں ہے ڈوبا ہوا رضاؔ
تیری مدد سے اس کا قلم ذوالفقار ہے

رضاء الحق



PDF Compressor Free Version







## سبق: ۴ اس سال کے اسمائے حسنیٰ

### اسمائے حسنیٰ زبانی یاد کریں

**حاصلاتِ تعلم:** یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کا تعارف جان لیں گے۔ **اَلْحَکِیْمُ** سے **اَلْوَلِیُّ** تک اسماء مع ترجمہ یاد کرلیں گے اور درست تلفظ کے ساتھ ادائیگی کرسکیں گے۔




| اَلْحَکِیْمُ | اَلْوَدُوْدُ | اَلْمَجِیْدُ | اَلْبَاعِثُ | اَلشَّهِیْدُ |
|---|---|---|---|---|
| بڑی حکمت والا | بڑی محبت والا | بڑی بزرگی والا | قبروں سے اٹھانے والا | حاضر و موجود |

| اَلْحَقُّ | اَلْوَکِیْلُ | اَلْقَوِیُّ | اَلْمَتِیْنُ | اَلْوَلِیُّ |
|---|---|---|---|---|
| سب صفات کے ساتھ ثابت | کام بنانے والا | قوت والا | نہایت مضبوط قوت والا | کارساز |

PDF Compressor Free Version



اللہ تعالیٰ ایک ہے

ایمانیات

چند مشہور انبیا عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام اور رسولوں کے نام یہ ہیں:



PDF Compressor Free Version



اللہ تعالیٰ ایک ہے



**سوال:۴** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں:

(الف) انسان دوبارہ زندہ ہو کر کہاں جمع ہوں گے؟

جواب:______________________________

(ب) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتیوں کے چہرے کس سے چمک رہے ہوں گے؟

جواب:______________________________

(ج) حوضِ کوثر کا پانی کیسا ہوگا؟

جواب:______________________________

**سوال:۵** ذہنی آزمائش کے سوال:

(الف) "اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا ہے۔" اس جملے میں اللہ تعالیٰ کی کس صفت کا ذکر ہے؟

جواب:______________________________

(ب) حوضِ کوثر کے پانی کی طرح دنیا میں کونسا پانی ہے جس کو ہم بار بار پینا چاہتے ہیں؟

جواب:______________________________

(ج) وہ کونسا عمل ہے جس کو اچھا کر کے ہمارے ہاتھ پاؤں قیامت کے دن چمک سکتے ہیں؟

جواب:______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |





۵ سستی اور لاپرواہی کی وجہ سے ننگے سر نماز پڑھنا۔(۲۳)

۶ بیت الخلا جانے کی حاجت ہونے کی حالت میں نماز پڑھنا۔(۲۴)

۷ انگلیاں چٹخانا۔(۲۵)

۸ مردوں کا سجدے میں کلائیاں زمین پر بچھانا۔(۲۶)

۹ مردوں کا سجدے میں پیٹ کو رانوں سے ملانا۔(۲۷)

۱۰ کسی ایسے آدمی کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا جو نمازی کی طرف منہ کیے ہوئے ہو۔(۲۸)

۱۱ اگلی صف میں خالی جگہ ہوتے ہوئے پچھلی صف میں کھڑا ہونا۔(۲۹)

۱۲ جان دار کی تصویر والے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا۔(۳۰)

۱۳ جہاں پر کسی جان دار کی تصویر ہو اس کے دائیں بائیں یا اس کے سامنے نماز پڑھنا۔(۳۱)

۱۴ آیتوں یا تسبیحات کو انگلیوں پر گننا۔(۳۲)

۱۵ جمائی لینا یا روک سکنے کے باوجود نہ روکنا۔(۳۳)



PDF Compressor Free Version







**سوال:۴** مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں:

(الف) ہم پر کتنی نمازیں فرض ہیں؟

(ب) وقت پر نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کیا انعام دیں گے؟

(ج) نماز ادا کرنے کی ایک شرط لکھیں:

(د) وقت داخل ہونے سے پہلے نماز پڑھی تو کیا ہوگا؟

(ھ) دن رات میں جتنی نمازیں فرض ہیں ان کے نام لکھیں۔

(و) جن تین اوقات میں ہر قسم کی نماز پڑھنا منع ہے ان کے نام لکھیں:

**سوال:۵** نیچے دیے گئے خالی دائرے میں صرف ایک حرف لکھیں تو سارے الفاظ مکمل ہو جائیں گے۔ آپ ان الفاظ کو مکمل کریں اور پھر انھیں دی گئی جگہ پر لکھیں۔



| دستخط سرپرست | |
|---|---|

| دستخط معلم/معلمہ | |
|---|---|

PDF Compressor Free Version



(د) صف میں ایڑیاں سب کی ایک سیدھ میں نہ ہوں آگے پیچھے ہوں۔

جواب: ____________________

(ھ) کندھے سب کے دور دور ہوں اور درمیان میں جگہ خالی ہو۔

جواب: ____________________

(و) صف ایک کونے سے بنائیں۔

جواب: ____________________

سوال:٦ ذہنی آزمائش کے سوال:

(الف) جمعہ اور عیدین کی نماز کے لیے جماعت ضروری ہے آپ کوئی ایک مزید ایسی نماز بتائیں جس کے لیے جماعت ضروری ہے؟

جواب: ____________________

(ب) جماعت کی نماز میں بچوں کو صفیں کہاں بنانی چاہییں؟

جواب: ____________________

(ج) جماعت کی نماز کیا صرف مسجد میں پڑھنا ضروری ہے؟

جواب: ____________________

| دستخط معلم/معلمہ | |
| --- | --- |

| دستخط سرپرست | |
| --- | --- |

PDF Compressor Free Version





## سبق: ۳ ⑤ معاف کرنا

**حاصلاتِ تعلم:** یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ دوسروں کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے معاف کرنے والے بنیں گے، جس سے معاشرے میں برداشت کو فروغ ملے گا۔ بچوں میں باجماعت نماز پڑھنے کا شوق پیدا ہوگا، نیز دونوں احادیث مع ترجمہ زبانی سنا سکیں گے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"مَنْ اَقَالَ مُسْلِمًا عَثْرَتَهُ اَقَالَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔"(۶)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جو مسلمان کی غلطی کو معاف کر دے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی غلطی کو معاف فرمائیں گے۔"

احادیث

## ⑥ باجماعت نماز کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَيَعْجَبُ مِنَ الصَّلَاةِ فِي الْجَمْعِ۔"(۷)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اللہ تعالیٰ باجماعت نماز پڑھنے پر خوش ہوتے ہیں۔"



PDF Compressor Free Version



## مشق

**سوال:۱** حدیث یا اس کا ترجمہ لکھیں:

(الف) اللہ تعالیٰ باجماعت نماز پڑھنے پر خوش ہوتے ہیں۔

(ب) "مَنْ اَقَالَ مُسْلِمًا عَثْرَتَهٗ اَقَالَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

**سوال:۲** سراج نے ناصر سے قلم لیا، مگر سراج کی غلطی سے وہ قلم ٹوٹ گیا، ناصر کو بہت غصہ آیا لیکن اس نے سراج کو معاف کر دیا۔ آپ بتائیں کہ ناصر کو کیا بات یاد آ گئی کہ اس نے سراج کو معاف کر دیا؟

جواب:

**سوال:۳** وسیم شام کو کھیل کر گھر واپس آیا تو بہت تھکا ہوا تھا۔ اتنے میں مغرب کی اذان شروع ہو گئی۔ وسیم نے سوچا کہ گھر پر ہی نماز پڑھ لوں۔ مگر اس کو ایک بات یاد آ گئی اور وہ جلدی سے مسجد چلا گیا۔ جو بات وسیم کو یاد آ گئی آپ وہ لکھیں:

جواب:

PDF Compressor Free Version






## باب سوم (ب): مسنون دعائیں

📖 مسنون دعائیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دعائیں مانگیں اور امت کو سکھائیں، ان کو "مسنون دعائیں" کہتے ہیں۔

## سبق: ۵ ① نیا کپڑا پہننے کی دعا

**حاصلاتِ تعلم:** یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ نیا کپڑے پہننے کی دعا اور کسی کو نئے کپڑے پہنے دیکھ کر جو دعا دی جاتی ہے وہ یاد کرلیں گے، اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر دعا کے ذریعے کرنے والے بنیں گے۔ اہتمام سے ان دعاؤں کو پڑھنے والے بنیں گے۔

📖 "اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ، اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَاصُنِعَ لَهٗ۔" (۱)




☆ ترجمہ: "اے اللہ! تیرے ہی لیے سب تعریف ہے، تو نے مجھے یہ لباس پہنایا، میں تجھ سے اس کپڑے کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اور میں تجھ سے اس کی برائی سے اور اس چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے۔"

## ② مسلمان کو نیا کپڑا پہنے دیکھیں تو اسے یہ دعا دیں

📖 "تُبْلِيْ وَيُخْلِفُ اللّٰهُ تَعَالٰى۔" (۲)

☆ ترجمہ: "(تم پہنو اور) پرانا کرو، اور اللہ تعالیٰ تمھیں اور دے۔"

دہرائی: جو مسنون دعائیں آپ نے حصہ سوم میں یاد کی ہیں ان کو دہرا لیں۔

PDF Compressor Free Version



## اللہ تعالیٰ کی مدد:

- **بدر:** بدر ایک جگہ کا نام ہے جو مدینہ منورہ سے تقریباً ۱۵۵ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔
- غزوۂ بدر میں مسلمان صرف تین سو تیرہ تھے، جب کہ مکہ کے مشرکین کی تعداد ایک ہزار کے قریب تھی اور ان کے پاس ہر قسم کے ہتھیار اور ہر طرح کا جنگی ساز و سامان موجود تھا۔
- ☆ جنگ کی رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعائیں مانگتے رہے، اللہ تعالیٰ کی مدد سے مسلمانوں کو فتح ہوئی اور کفارِ مکہ شکست کھا کر بھاگ گئے۔
- ☆ اس جنگ میں کفار کے ستر آدمی مارے گئے اور تقریباً اتنے ہی قید ہوئے جب کہ مسلمانوں میں سے چودہ آدمیوں نے شہادت کا درجہ پایا۔(۴)

## قیدیوں کے ساتھ مسلمانوں کا حسنِ سلوک:

- ☆ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم فرمایا تھا کہ قیدیوں کے آرام کا خیال رکھا جائے۔(۵)




**کیا آپ کو معلوم ہے**

جنگِ بدر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی خاک اٹھا کر کفار کے لشکر کی طرف پھینکی۔ اللہ کے حکم سے کوئی کافر یا مشرک ایسا نہ تھا جس کی آنکھ، ناک اور منہ میں یہ مٹی نہ پہنچی ہو۔(۶)

PDF Compressor Free Version



# بابِ چہارم (ب): اخلاق و آداب

📖 **اخلاق:** ایک انسان کے اندر جو اچھی صفات ہونی چاہییں (سچائی، امانت داری، سخاوت وغیرہ) اور جن بری عادتوں سے پاک وصاف ہونا چاہیے (جھوٹ، غیبت، حسد وغیرہ) انھیں "اخلاق" کہتے ہیں۔

📖 **آداب:** اسلام نے ہمیں رہنے سہنے، کھانے پینے وغیرہ کے جو اصول بتائے ہیں ان کو "آداب" کہتے ہیں۔

## سبق: ۵ چند اچھی صفات

**حاصلاتِ تعلم:** یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ سادگی اور قناعت کی حقیقت کو سمجھ جائیں گے اور کھانے پینے، پہننے اوڑھنے اور دیگر امور میں ان صفات کو اپنانے والے بنیں گے۔

☆ اسلام ایک مکمل دین ہے، یہ دین زندگی گزارنے کا مکمل طریقہ سکھاتا ہے۔ دینی اور دنیاوی تمام کاموں میں مکمل راہنمائی فراہم کرتا ہے۔

☆ دینِ اسلام جس طرح ہمیں نماز پڑھنے، روزہ رکھنے کا طریقہ سکھاتا ہے، اسی طرح روز مرّہ زندگی کے تمام شعبوں سے متعلق ہدایات بھی دیتا ہے۔

☆ اس سبق میں ہم دو اہم اسلامی آداب کے بارے میں پڑھیں گے، سادگی اور قناعت۔

**یاد رکھنے کی بات**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ" (۱)

ترجمہ: "جس شخص نے میانہ روی اختیار کی وہ محتاج (تنگ دست) نہیں ہوتا۔"

PDF Compressor Free Version



# سادگی

☆ اپنی ضروریات مثلاً: کھانے پینے، لباس اور مکان وغیرہ کے معاملے میں میانہ روی کے ساتھ خرچ کرنا اور فضول خرچی اور دکھاوے سے بچنا سادگی کہلاتا ہے۔

☆ سادگی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم پھٹے پرانے یا میلے کچیلے کپڑے پہننا شروع کر دیں، بل کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں کھانے پینے اور پہننے اوڑھنے میں اچھی چیزوں کے استعمال کی اجازت ہے، اس شرط کے ساتھ کہ اس میں حد سے گزرنا اور دکھلاوا نہ ہو۔

📖 ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

"(اجازت ہے کہ) خوب کھاؤ پیو، دوسروں پر صدقہ کرو اور کپڑے بنا کر پہنو بشرطیکہ فضول خرچی اور نیت میں فخر و غرور نہ ہو۔"(۲)

☆ یہی وجہ ہے کہ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میلے کچیلے کپڑے پہننے اور بالوں کو بری حالت میں رکھنے کو پسند نہیں فرمایا ہے۔

☆ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی سادہ زندگی گزاری اور اپنی امت کے لیے بھی اسی کو پسند فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کھانے کو ملتا تناول فرما لیتے، سادہ لباس پہنتے حتّٰی کہ پیوند لگے ہوئے کپڑے بھی پہن لیتے۔

☆ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شادی بیاہ میں بھی سادگی کو اپنایا۔ اپنی صاحبزادیوں کے نکاح بھی سادگی سے کیے، اپنی سب سے پیاری صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح مسجد میں کیا۔ چند مہمانوں کو بلایا گیا اور سادگی سے رخصتی ہوئی۔

PDF Compressor Free Version



## نبی کی مبارک تعلیم

# سبق: ٦ مخلوق کے کام آنا

**حاصلاتِ تعلم:** یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ کے دل میں اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق سے محبت پیدا ہوگی اور وہ لوگوں کے کام آنے والے بنیں گے۔اس طرح وہ معاشرے کا ایک کارآمد فرد بننے کی کوشش کریں گے۔







☆ ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے اور اللہ تعالیٰ کو وہ انسان پیارا ہے جو اس کی مخلوق کے ساتھ بھلائی کرے۔ اسی لیے اسلام نے دوسروں کے کام آنے پر بڑا زور دیا ہے، پیاسوں کو پانی پلانا، بھوکوں کو کھانا کھلانا، راہ چلتے ہوؤں کو راستہ بتانا، راستے میں کوئی تکلیف دہ چیز پڑی ہو مثلاً: کانٹے یا پتھر وغیرہ تو اسے ہٹا دینا، کیلے یا کسی دوسرے پھل کا چھلکا جس سے کسی کے پھسل جانے کا خوف ہو اسے ہٹا دینا، بیماروں کی عیادت کرنا یہ سب اچھے کام ہیں اور ان کے کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

☆ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے کاموں کے کرنے کی ترغیب دی ہے اور ان کاموں کے کرنے پر بہت اجر و ثواب بتایا ہے۔

📖 ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"تمھارا اپنے (مسلمان) بھائی کے لیے مسکرانا صدقہ ہے، تمھارا کسی کو نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے روکنا صدقہ ہے، کسی بھولے ہوئے کو راستہ بتانا صدقہ ہے، کمزور نگاہ والے کو راستہ دکھانا صدقہ ہے، پتھر، کانٹا، ہڈی (وغیرہ) کا راستہ سے ہٹا دینا صدقہ ہے اور تمہارا اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے ڈول میں پانی ڈال دینا صدقہ ہے۔"(٥)

PDF Compressor Free Version

## Character Building of School Children

- اسکول کے بچوں کے لیے تربیتی نظام (Tarbiyah Project) جس کے ذریعہ اساتذہ اور والدین مل کر تعلیم کے ساتھ ساتھ بچوں کی بہترین تربیت بھی کرسکیں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔
- بچوں کی بچپن ہی سے دینی خطوط پر تعلیم وتربیت کے لیے دوسالہ مونٹیسوری اور پہلی تا آٹھویں کلاس کے لیے اسلامیات کا نصاب جو کہ وفاقی وزارتِ تعلیم حکومتِ پاکستان کے متعین کردہ خطوط کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔
- اسلامیات کے نصاب کو بہتر طور پر پڑھانے کے لیے ٹیچرز گائیڈ جس کے ذریعہ نصاب پڑھانا آسان ہوگا۔
- اساتذہ کے تدریسی مسائل میں معاونت کے لیے ٹیچرز ٹریننگ، جس میں نبوی طریقہ تعلیم، بچوں کی نفسیات اور کلاس کنٹرول جیسے اہم موضوعات شامل ہیں، جو ہر استاد کی ضرورت ہیں۔














92-21-34944665-6
92-331-3259464
maktab2006@hotmail.com
www.maktab.com.pk

Price Rs. 240/-

D-4, Al-Hilal Co-operative Society,
University Road, Opp. Askari Park,
Karachi - 74400.